27cmx4col

# اطلاع برائے تیرہواں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ سامبا بینک لمیٹڈ (''بینک'') کا تیرہواں سالانہ اجلاس عام بروز پیر مورخہ 21 مارچ 2016 کو صبح 10:00 بجے، بمقام مارگلہ ہوٹل، اسلام آباد میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

## عمومی امور

1۔ 27 مارچ 2015 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے بارہویں سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی توثیق کرنا۔

2۔ 31 دسمبر 2015 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ سالانہ اکاؤنٹس ہمراہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کی وصولی اور ان پر غور وخوض کرنا۔

3۔ آڈیٹرز کے تقرر اور ان کے معاوضے کے تعین پر غور وخوض کرنا۔ میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اپنی دوبارہ تقرری کیلئے خود کو پیش کیا ہے۔

4۔ کمپنیز آرڈیننس 1984 کی شق (1) 178 کے تقاضوں کے مطابق بورڈ کی جانب سے مقرر کیے گئے 8 (آٹھ) ڈائریکٹرز کا انتخاب۔

مندرجہ ذیل سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ منتخب ہونے کے اہل ہیں:

| | |
|---|---|
| 1۔ جناب اینٹوئن مجبر | 2۔ جناب بیچی ٹک ٹک |
| 3۔ جناب فرحت عباس مرزا | 4۔ جناب ہمایوں مراد |
| 5۔ جناب جاوید اقبال | 6۔ ڈاکٹر شجاعت ندیم |
| 7۔ محترمہ رانیا نشر | 8۔ جناب زاہد ظہیر |

## دیگر امور

چیئرمین کی منظوری سے بینک کے دیگر امور پر غور وخوض۔

حسب الحکم بورڈ

سید ضیاء الحسنین شمسی
کمپنی سیکریٹری

تاریخ: 29 فروری 2016
کراچی

## نوٹس

1۔ بینک کے انتقالِ حصص کے کھاتے 15 مارچ 2016 سے 21 مارچ 2016 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گے۔ جو ٹرانسفر آرڈر 14 مارچ 2016 کو کام کے اختتام تک رجسٹرار کے دفتر، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد فاران ہوٹل، نرسری بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی میں وصول ہوں گے ان کو سالانہ اجلاس عام کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

2۔ ممبر جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں تقرری کا خواہشمند ہے وہ درجِ ذیل دستاویزات، کمپنی سیکریٹری کے نام اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 14 دن قبل ارسال کردے؛

الف) کمپنیز آرڈیننس 1984 کی شق (3) 178 کے ضوابط کے مطابق خود کو انتخاب کیلئے پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔ انہیں یہ بھی تصدیق کرنی ہوگی کہ؛

- وہ کسی بھی لاگو قوانین اور ضوابط (بشمول پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ ریگولیشنز) کے تحت بینک کا ڈائریکٹر بننے کیلئے نااہل نہیں ہے۔
- نہ وہ اور نہ ہی ان کا/ان کی شریک حیات بروکریج کے کاروبار میں یا کسی کارپوریٹ بروکریج ہاؤس کا/کی اسپانسر، ڈائریکٹر یا آفیسر نہیں ہے۔
- وہ ایک وقت میں سات (7) سے زائد درج شدہ کمپنیوں میں بحیثیت ڈائریکٹر کام نہ کررہا/رہی ہو۔ البتہ واضح کی گئی فلسڈ ہولڈنگ کمپنی کے فلسڈ ذیلی اداروں میں ڈائریکٹرشپس، اس پابندی میں شامل نہیں ہے۔

ب) کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 184 کے فارم 28 کے تحت بحیثیت ڈائریکٹر کام کرنے کی منظوری؛

ج) اسٹیٹ بینک آف پاکستان BPRD سرکلر نمبر 4 بتاریخ 23 اپریل 2007 اور BPRD سرکلر نمبر 5 بتاریخ 12 مارچ 2015 کے تحت حلف نامے، ضمیمہ اور سوال نامہ۔
متعلقہ دستاویزات کی کاپی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے یا بینک کے کمپنی سیکریٹری کے آفس سے بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔

3۔ ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے وہ اپنے بجائے کسی دوسرے ممبر کو اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے، ووٹ دینے اور مخاطب کرنے کیلئے اپنا متبادل مقرر کرسکتا ہے۔ ایسے متبادل کے مؤثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ بلائے گئے اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ آفس کو ایسے متبادل ممبر کی اطلاع کے دستاویزات موصول ہوں اور وہ مہر شدہ، دستخط شدہ اور تصدیق شدہ ہوں۔

4۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے ضروری ہے کہ وہ اجلاس میں شرکت کے لئے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکولر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000 کے مطابق درج ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

5۔ سی ڈی سی شیئر ہولڈرز کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اجلاس میں شرکت کریں اور ووٹ دیں تاہم شیئر ہولڈرز کو لازمی طور پر اپنا قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ/پاسپورٹ ساتھ لانا ہوگا۔ اس کے ساتھ اجلاس میں شرکت کا نمبر، فراہم کردہ اکاؤنٹ نمبر برائے شناخت کا ہونا لازم ہے۔ اور متبادل ممبر کی صورت میں قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ/پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل ہمراہ لانی ہوگی۔

6۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائیریکٹرز کی قرارداد/ نامزد شخص کا دستخط شدہ مختار نامہ، متبادل رکن کے فارم کے ساتھ جمع کروانا ہوگا اور اجلاس کے وقت شناخت کی غرض سے اصل دکھانا ہوگا۔

7۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر ان کے پتوں میں کوئی تبدیلی ہو تو فوری طور پر بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد فاران ہوٹل، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کو فوری آگاہ کریں۔

**سامبا بینک لمیٹڈ**

samba سامبا